16-Aug-10

پریس ریلیز

عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کے دوسرے وفد نے سندھ میں امدادی سرگرمیوں کا آغاز کر دیا 15 لاکھ کا سامان تقسیم۔ مزید 10 لاکھ کا سامان روانہ

کراچی۔(پ۔ر) عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کی جانب سے خیبر پختونخواہ کے بعد اب صوبہ سندھ میں سیلاب سے متاثرہ گوٹھوں اور علاقوں میں بھرپور امدادی کام جاری ہے۔اس سلسلے میں ترجمان عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ شکیل دہلوی نے بتایا کہ صوبہ سندھ میں تباہ کن سیلاب سے متاثرہ افراد کی امداد کیلئے ٹرسٹ کا 10 رکنی وفد کندکوٹ، غوث پور اور کرم پور میں بھرپور طریقہ سے سرگرم ہے۔اس سلسلے میں جنرل منیجر شفیع بیدانی کے ساتھ جانے والی امدادی ٹیم نے تقریباً 15 لاکھ روپے کے فوڈ پیکٹس، کولرز، اشیائے خوردونوش، زنانہ مردانہ اور بچگانہ ملبوسات، گدے، تکیے اور دیگر اشیائے ضروریہ کندکوٹ، کرم پور اور غوث پور میں تباہ کن سیلاب سے متاثرہ افراد کو فراہم کیں۔

انہوں نے بتایا کہ امدادی ٹیموں نے سکھر شہر کو بیس کیمپ بنا کر قرب وجوار کے گوٹھوں اور کندکوٹ کے اطراف واقع غوث پور اور کرم پور میں امدادی سرگرمیاں جاری رکھی ہوئی ہیں۔

اس حوالے سے کراچی اور اسلام آباد کے دفاتر میں بھی ٹرسٹ کی جانب سے امدادی کیمپ قائم کیے گئے ہیں جہاں جمع ہونے والا سامان متاثرہ علاقوں کو روانہ کیا جارہا ہے۔ترجمان نے مزید بتایا کہ زمینی راستے ناکارہ ہونے کے باعث وفد کو امدادی سامان کی ترسیل میں کافی مشکلات پیش آرہی ہیں جن کا عزم وہمت سے مقابلہ کیا جارہا ہے۔عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کے اراکین نے اس اندوہناک صورتحال میں قوم کو متحد رہنے اور اپنے ہموطنوں کی دادرسی کرنے کی بھرپور اپیل کی ہے۔

دریں اثناء تازہ دم ٹیمیں 3 ٹرک مزید سامان بشمول خشک چنے، نمکو، پکی پکائی پیک روٹیاں، بوئلڈ واٹر، پیک کھانے اور دیگر اشیائے ضروریہ جن کی مالیت تقریباً 10 لاکھ روپے ہے، لیکر متاثرہ علاقوں میں روانہ ہوگئی ہیں۔

#